# سورہ ق

# سے عِلاج

# حُسن ترتیب


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| A | حرف اول | 7 |
| B | پیمانہ اوراد و وظائف | 10 |
| C | سورہ ق | 13 |
| D | فضائل | 16 |
| E | اعمال | |
| 1 | برائے حب | 17 |
| 2 | بینائی تیز ہوجائے | 18 |
| 3 | گھروں میں کیڑے مکوڑوں سے نجات | 18 |
| 4 | تسخیر القلوب | 19 |
| 5 | برائے اطمینان قلب | 21 |
| 6 | مشورہ الٰہی | 22 |
| 7 | درختوں پر پھل زیادہ لگیں | 23 |
| 8 | چوہوں سے مال کی حفاظت | 24 |
| 9 | ادائیگی قرض | 25 |
| 10 | برائے درد زہ | 25 |
| 11 | کھیتی کی حفاظت | 26 |
| 12 | روزانہ کی بکری میں اضافہ | 26 |
| 13 | آنکھوں کے ککروں کا علاج | 27 |
| 14 | علاج زخم چشم | 28 |
| 15 | ضعف بصر کا علاج | 29 |
| 16 | عمل معظم | 29 |
| 17 | نجات سحر | 33 |
| 18 | کشائش رزق | 33 |
| 19 | برائے حاجات | 34 |
| 20 | علاج جریان | 35 |
| 21 | مال و اسباب کی حفاظت | 36 |
| 22 | برائیوں سے حفاظت | 36 |
| 23 | پاگل پن سے نجات | 37 |
| 24 | غربت و افلاس کا خاتمہ | 39 |
| 25 | برے ہمسائے سے نجات | 40 |
| 26 | دشمنوں کے شر سے حفاظت | 40 |
| 27 | تقویت ایمان | 42 |
| 28 | پاکی نفس | 43 |
| 29 | غیبت سے حفاظت | 44 |
| 30 | زلزلے سے حفاظت | 44 |
| 31 | آفات سے حفاظت | 45 |
| 32 | درد شکم | 46 |
| 33 | بچے کے دانت جلد نکلیں | 46 |
| 34 | جملہ امراض چشم | 47 |
| 35 | دشمن مغلوب ہو | 47 |
| 36 | جملہ امراض چشم | 48 |
| 37 | برائے مرگی | 49 |
| 38 | علاج موتیا بند | 50 |
| 39 | علاج مالیخولیا | 51 |
| 40 | جملہ امراض معدہ | 51 |
| 41 | رتوندا کا علاج | 52 |
| 42 | نامعلوم مرض کی تشخیص | 52 |


FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078819758944822?refid=18&__tn__=C

| | | |
|---|---|---|
| 43 | ہمزاد سے چھٹکارا | 53 |
| 44 | درد چشم | 54 |
| 45 | گھر سے جادو آسیب دور ہو | 55 |
| 46 | شدید درد چشم | 56 |
| 47 | نقش شفاء | 56 |
| 48 | دعائے ملائکہ | 57 |
| 49 | چشم خلائق میں معزز ہونا | 58 |
| 50 | علاج یرقان | 59 |
| 51 | علاج مرض جلندھر | 60 |
| 52 | چور کی شناخت کا عمل | 61 |
| 53 | آفات چشم سے حفاظت | 62 |
| 54 | فراخی رزق | 63 |
| 55 | درد چشم کا علاج | 63 |
| 56 | ملی اثرات سے بچاؤ | 64 |
| 57 | علاج نکسیر | 65 |
| 58 | [illegible] | 65 |
| 59 | بے روزگاری کا خاتمہ | 67 |
| 60 | عہدہ میں ترقی | 67 |
| 61 | انس مطیع کرنا | 68 |
| 62 | جن و انس خوف کھائیں | 68 |
| 63 | زبان بندی دشمن | 69 |
| 64 | علاج لاکڑا کاکڑا | 70 |
| 65 | سفر میں حفاظت الٰہی | 71 |
| 66 | علاج بخار باری | 72 |
| 67 | سانس پھولنا | 73 |
| 68 | بری عادات سے نجات | 74 |
| 69 | تھکان سے بچاؤ | 75 |
| 70 | آفیسران راضی رہیں | 75 |
| 71 | ہلاکت ظالم دشمن | 76 |
| 72 | تنگی رزق کا علاج | 77 |
| 73 | حاضری پریزاد | 78 |
| 74 | لاعلاج مرض کا علاج | 80 |
| 75 | دشمن کی سرکوبی | 80 |
| 76 | والدین کو رضامند کرنا | 81 |
| 77 | نافرمان بیوی کو تابعدار | 82 |
| 78 | ساس کو تابع کرنا | 82 |
| 79 | بند کاروبار جاری کرنا | 83 |
| 80 | کرخت شوہر کو مہربان | 83 |
| 81 | جگر کی بیماری | 84 |
| 82 | درد رحم کا علاج | 85 |
| 83 | مرض طحال | 85 |
| 84 | ضعف دماغ | 86 |
| 85 | بندش کاروبار | 86 |
| 86 | سینے کے امراض | 87 |
| 87 | طرفین میں صلح کیلئے | 88 |
| 88 | باری کا بخار | 89 |
| 89 | حیض کے درد کیلئے | 89 |
| 90 | عینک توڑ فقیری نسخہ | 90 |
| 91 | مالی پریشانی کا حل | 91 |
| 92 | پھیپھڑے کا درد | 93 |
| 93 | امتحان میں کامیابی | 94 |
| 94 | دل کی سختی دور کرنا | 94 |
| 95 | اولاد نرینہ کے لئے | 95 |
| 96 | برے ہمسائے سے بچاؤ | 96 |


FREE AMLIYAAT BOOKS......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078819758944822?refid=18&__tn__=C

# حرف اوّل

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

شروع نام اس ذات پاک سے جو ساری دنیا کے لئے رحمان ورحیم، یکتا، لاشریک، علیم و خبیر، شافی وکافی، بے مثل پیدا کرنے والا، حجابات اٹھانے والا، ہر شکل وصورت سے منزہ، ہمیشہ سے موجود اور ہمیشہ کے لئے قائم ودائم رہنے والا، ہر شے کا تخلیق کار، ہر حاضر وغائب سے آگاہی رکھنے والا، عالم علویات وسفلیات میں اپنی حکمت وقدرت وارادہ سے بلند وپست کرنے والا اور بے مثال حکمت سے ہر شے کو شفاء کاملہ عاجلہ بخشنے والا، ہر شے پر غالب، قادر مطلق اور حیّ وقیوم ہے اس عظیم ذات کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ ہر شے میں موجود ہے اس کو کوئی بھی ظاہری آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا جبکہ وہ بخوبی سب کو دیکھتا ہے۔

اوّل سے ہی اپنی ذات کے ساتھ موجود اور ابدیت میں اپنی صفات سے ظاہر ہے اپنے ناموں میں سرمدیت سے بلند اور ابدیت میں اپنے افعال سے متنوع وہی اوّل وہی آخر، وہی موت وحیات کا تعین کرنے والا اور فنا کے بعد پھر زندہ کرنے والا، تکلیف کے بعد شفاء بخشنے والا، ہر بیماری کو نازل فرمانے والا اور اس بیماری کی دوائے شفاء بیماری سے پہلے ظاہر کرنے والا، ہر تکلیف کے بعد راحت بخشنے والا، عرض وجسم سے پاک وبالاتر، کوئی جہت یا سمت اسکا احاطہ نہیں کرسکتی اور نہ ہی زمانہ کی گردش اور دن رات اس کو بوڑھا یا فنا کر سکتے ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS .....pdf
https://m.facebook.com/groups/1078618758944822?refid=18&__tn__=C

ذات ربانی حمد کے لائق ہے کہ اس نے ہر شے کو ایک خاص مقدار کے تحت رکھا اور اس میں کمی بیشی کا جاننے والا ہے خواہ وہ شے حاضر ہو یا غائب۔

وہی ذات ربانی ہے جس نے عوارض و تکالیف کو انسانوں پر بطور آزمائش نازل فرمایا اور وہی اپنی حکمت الٰہیہ کے ساتھ ان عوارض و تکالیف کو دور فرماتا ہے اسی لئے اس نے ہدایت کے ساتھ ساتھ شفاء کے طور طریق بھی اپنی کتاب الہدایت و الشفاء (قرآن مجید) میں واضح طور پر بتلائے ہیں۔

ارشاد ربانی ہوتا ہے کہ:۔

''ہم قرآن پاک میں وہ شے اتارتے ہیں جو شفاء و رحمت ہے ایمان والوں کے لئے۔(الاسرا:۸۲)

اسی نے یہ کتاب الہدایت و الشفاء اپنے پیارے حبیب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ ﷺ کے ذریعہ امت محمدیہ کو بخشی۔

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ:۔

''قرآن پاک سب سے اچھی دوا ہے۔'' (سنن ابن ماجہ عن حضرت علیؓ)

چونکہ حق کے لیے نشانیاں اور حقیقت کے لئے پورا نظام الٰہی موجود ہے اور بندوں کے لئے عرفان الٰہیہ کے ساتھ ساتھ رحمان اور رحیم کا ہونا بے حد ضروری ہے اور اس کے لئے وسیلہ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ بھی بہت زیادہ ضروری اور مطلوب ہے جس کے بغیر کوئی التجا' فریاد بارگاہ الٰہی میں منظوری نہیں پاتی۔

چونکہ تمام امور کی تقسیم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور اس سے سعادت و کمال کی روشنی سے متصل ہے جو امور الٰہی پر عمل پیرا ہو کر ہی حاصل کی جا سکتی ہے۔

زیر نظر کتاب ''سورہ قٓ سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج'' کا مقصد و منشا یہی ہے کہ اس سورہ قٓ کے اندر اسرار و رموز شفاء و ہدایت کے جو خزانے حکمت الٰہیہ کے تحت پوشیدہ ہیں اور جس سے ایمان کی دولت' اللہ تعالیٰ کی رحمت اور برکتیں حاصل ہوتی ہیں اور آخرت میں فلاح پاتا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18&__tn__=C

اس کے اندر ان پوشیدہ اسرار و رموز خزینہ سے تمام امت رسول اللہ ﷺ با آسانی تصرف

حاصل کر سکے اور اس خاکی دنیا کے اندر موجود نا آسودگیوں اور بیماریوں سے نجات حاصل کر کے تمام روحانی و جسمانی خوشیاں حاصل کر سکیں۔

بمطابق ارشادات اللہ تعالیٰ عزوجل اور فرمان رسول اللہ محمد مصطفیٰ ﷺ، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور اولیائے عظام رحمتہ اللہ علیہم اجمعین سورہ ہائے قرآن پاک سے بخوبی استفادہ کرتے ہوئے لاعلاج امراض جسمانی و روحانی کا بخوبی علاج معالجہ کرتے چلے آئے ہیں۔

اس مادی دور میں ہر انسان کسی نہ کسی پریشانی، مشکل اور ابتلاء میں مبتلا ہے اور ذہنی بے سکونی سے دوچار ہے اور ان کے حل کے لئے سرگرداں ہے، لہٰذا اس صورت میں امید واثق ہے کہ یہ کتاب ان پریشان حال لوگوں کو لاحق لاعلاج امراض، پریشانیوں اور مشکلات کے لئے شافی و کافی ثابت ہوگی اور ان کے لئے باعث نجات و شفاء بنے گی۔

میں ان تمام حضرات متقدین و موخرین، علماء و عظام و مشائخ کرام کا تہہ دل سے مشکور ہوں جن کی تالیفات اور بیاضوں سے میں نے اس کتاب کے مرتب کرنے میں عرق ریزی سے کام لیا ہے اس کے ساتھ ساتھ میں اپنے سلسلہ کے تمام بزرگان عظام کا بھی بے حد مشکور و ممنون ہوں جنہوں نے مجھے اس سلسلہ میں اپنے فیضان کے سمندر سے چلو بھر روحانی تصرف عنایت فرمایا ہے۔

میری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل بفضیلت سورہ ق اور اپنے پیارے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے توسل سے امت محمد ﷺ کو شفاء کاملہ عاملہ عطا فرمائے اور ان کو جملہ مشکلات و پریشانی کے بھنور سے نجات عطا فرمائے۔

دعائے خیر کا طالب

علامہ محمد جاوید

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18&__tn__=C

# پیمانہ اوراد و وظائف

☆ سب سے پہلے انسان کو اپنا یقین و توکل ذات باری تعالیٰ پر لوہے کی لٹھ کی مانند مضبوط کرنا چاہیئے اور اس بات کو دل و دماغ میں پختہ کرلینا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل ہی وہ ذات ہے جس کی طرف سے میرے اوپر یہ آزمائش نازل ہوئی ہے اور وہی ذات اس ابتلاء و آزمائش سے بتوسل آقائے رحمت حضور نبی کریم ﷺ نجات دینے والی ہے اور اس ابتلاء و آزمائش میں وہی ذات کافی وشافی اور رحمان ورحیم وکریم ہے۔

☆ جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ عزوجل سے مانگا جائے وہ بوسیلہ محبوب رب اللعالمین جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' آقائے رحمتِ دوجہان مانگا جائے کیونکہ اس کے بغیر وہ التجا اور فریاد بارگاہ الٰہی میں نہیں پہنچتی فرمان ربی و رسول اللہ ﷺ ہے کہ کوئی دُعا یا فریاد اس وقت تک عرش الٰہی پر نہیں پہنچتی جس کے ھمراہ میرے اوپر درود وسلام شامل نہ ہو وہ آسمان اور زمین کے درمیان لٹکی رہتی ہے اس لئے کثرت درود پاک اختیار کرنا بے حد ضروری ہے تاکہ شفاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقدار بن جائیں۔

☆ رزق حلال کمائے اور رزق حلال کھائے حرام روزی سے بچے حرام لباس سے بھی بچتا رہے رزق حلال کے ضمن میں مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث مبارکہ ہے کہ بروائت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ'' حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس بدن کو حرام غذا دی گئی وہ جنت میں داخل نہ ہوگا''۔

FREE AMLIYAT BOOKS
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18&__tn__=C

☆ اپنی جسمانی طہارت وپاکیزگی کا ہر طرح سے خیال رکھے مسلم شریف کی

حدیث پاک ہے بروائت حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "پاکیزگی نصف ایمان ہے"۔

☆ نماز پنجگانہ باجماعت کا پابند ہو۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے کہ بروائت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ بتاؤ اگر تم لوگوں میں کسی کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کے بدن پر کچھ میل باقی رہ جائے گی؟ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا ایسی حالت میں اس کے بدن پر کچھ میل باقی نہ رہے گا۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا بس یہی کیفیت پانچوں نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے سب گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

☆ جھوٹ سے پرہیز کرے ہر معاملے میں سچ بولے کیونکہ جھوٹ بولنے کی عادت روحانی قوت کے حصول میں مانع ہے۔ مسلم شریف کی حدیث پاک ہے کہ بروائت حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور سرور کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا "سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے اور جھوٹ بولنا فسق وفجور ہے اور فسق وفجور جہنم میں لے جاتا ہے۔

☆ عمل پڑھتے ہوئے شیطانی وسوسے اور فاسد خیالات کو اپنے قلب سے دُور کیا جائے اور جس کام کے لیے پڑھ رہا ہے اوّل سے آخر تک اس کا خیال رکھے اور ترکیب عمل اچھی طرح سے معلوم کرے۔

☆ کسی جگہ تنہائی میں جو جگہ پاک صاف ہو وہاں پر بیٹھ کر عمل کرے اور کسی کو اس جگہ پر مداخلت نہ کرنی چاہیئے اپنے گھر کا ایک حصہ علیحدہ سے اس مقصد کے لیے منتخب کرے۔

☆ عمل کا آغاز کرتے ہوئے اور عمل ختم کرنے کے بعد کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرے کہ فلاں کے لیے یہ عمل کیا ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf

☆ عامل ہر طرح کے ناجائز کام کرنے سے پرہیز کرے اور کسی انسان اور حیوان کو ناجائز تکلیف نہ دے۔

☆ فسق و فجور سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہے ورنہ اس کی محنت ضائع جائے گی اور خواہ مخواہ عامل اس عمل کی بدنامی کا باعث بنے گا۔

☆ باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھے قلب اور حوالی قلب میں جہاں تک ہو سکے خشوع وخضوع پیدا کرے ورنہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہوگی یعنی روحانی فیوض سے محروم رہے گا۔

☆ جس مقصد کے لیے یہ تعویز دیا ہے جب وہ کام ہو جائے تو عامل تعویز دیتے وقت ہدایت کرے کہ تعویز کو قبرستان میں دفن کر دے یا جاری پانی میں ڈال دے بے ادبی ہرگز نہ کرے۔

☆ تکبر، دھوکہ دہی، خودنمائی، غیبت، ریاکاری اور بے ہودہ باتوں سے عامل ہر وقت دُور رہے اور اس سے پرہیز کرے۔

☆ نقش یا تعویز کی جو زکوۃ یا ہدیہ مقرر ہو وہ عمل سے پیشتر لازماً ادا کی جائے۔

محمد شبیر قادری

## عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر

سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے توفیق و استعانت اور منظوری کے لئے سات یا گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ، آل اولاد و والدین نبی ﷺ، اولیاء امت، مسلمین اور مسلمات اور اپنے والدین کو بخش کر بوسیلہ جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ آقائے دو جہاں ﷺ انتہائی حضوری قلب اور خشوع و خضوع سے دُعا مانگیں اور پھر اس عمل یا وظیفہ کا ورد شروع کیا جائے تاکہ اس کے اثرات سے کماحقہ استفادہ حاصل ہو سکے۔

نوٹ:۔ بعد از حل وشفاء بندہ عاجز اور اس کے والدین اور بزرگان سلسلہ کے حق میں دعائے خیر سے نوازیں۔ از حد شکریہ)

(علامہ محمد جاوید)

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18&__tn__=C

# سورہ قٓ

## نام

اس سورہ مبارکہ کا نام اس سورت کے ابتدائی حرف قٓ سے ہے۔

## زمانہ نزول

یہ سورہ ہجرت حبشہ اولیٰ سے قبل نازل ہوئی۔

محمد شبیر قادری

## مضامین

اس سورہ مبارکہ میں جن مضامین کے بارے میں بیان آیا ہے ان میں سب سے اولین آخرت، انسانی اعمال کا ریکارڈ، مرنے کے بعد نئی زندگی، جزا و سزا، جنت و دوزخ، عذاب و ثواب، انسان کا جہنم کے ایندھن بننے، تسبیح اور صبر کا خصوصی حکم، انبیاء علیہ السلام کی تکذیب اور گمراہی کا انجام شامل ہیں اس کے علاوہ دنیا کی سابقہ اقوام اصحاب الایکہ، اصحاب الرس، قوم عاد و ثمود، قوم لوط اور فرعون کا ذکر بطور عبرت دیا گیا ہے۔

آخرت اور بعداز موت دوبارہ زندگی کے بارے میں اہل مکہ اس بات پر بڑی حیرانگی کا اظہار فرماتے تھے کہ مرنے کے بعد انسان کو زندگی کیسے ملے گی اور اس کا حساب کتاب کیسے ممکن ہوگا؟ کیونکہ انسان جب مرجاتا ہے تو اس کے مٹی میں مدفون یا جلا دینے سے اس کے اجزاء گل سڑ کر مٹی کا جزو بن جاتے ہیں اور یہ اجزاء زمانے کی دست و برد سے محفوظ رہنے کی بجائے منتشر ہو جاتے ہیں اور جب وہ منتشر ہو کر اپنا وجود کھو بیٹھتے ہیں تو پھر ان کو کیسے جمع کیا جائے گا اور ایک ہی وجود کے تمام منتشر اجزاء کس طرح اپنی پہچان کر کے دوبارہ اسی وجود میں

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf

آئیں گے اور یہ کہ اس قدر لمبا پروسیس ایک ہی اشارے سے کیسے ان سب منتشر اجزائے باریک کو مجتمع کر لیا جائے گا؟

اس سورہ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ عزوجل نے ان تمام باتوں کا جواب دیا ہے۔

اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ عزوجل نے فرمایا کہ میں بذاتہٖ خود تمہارے اعمال کو دیکھ رہا ہوں لیکن تمہارے اس اعمال کا باقاعدہ ریکارڈ رکھنے کے لئے میں نے تمہارے دونوں کاندھوں پر اپنے فرشتے مقرر کر رکھے ہیں جو تمہاری تمام حرکات وسکنات کے ایک ایک لمحے کا ریکارڈ اور نامہ اعمال کی فلم تیار کر رہے ہیں اور وقت آنے پر اس سارے اعمال کے ریکارڈ کو تحریری وفلمی شکل میں تمہارے سامنے رکھ دیا جائے گا تاکہ تم اس سے منکر نہ ہوسکو اور بخوبی انصاف پاسکو۔

جہاں تک ریکارڈ محفوظ رکھنے کا تعلق ہے اس کی موجودہ دور میں انسانی ذہن وعقل کے ہاتھوں تشکیل کردہ ایجادات ریڈیو، کیمرہ، فلم، وائرلیس، ٹیلی ویژن اور کئی دوسرے آلات جدیدہ جیسے کمپیوٹر وغیرہ سے بخوبی تصدیق وتوثیق ہو رہی ہے آج ویڈیو کیمرے نے یہ بات ممکن بنا دی ہے کہ انسان جب چاہے اور جس لمحے کی تصویر و مناظر کشی کر کے اسے محفوظ رکھ سکے اور ضرورت پڑنے پر اس سے ان یادگار لمحوں کی یاد کو تازہ کر سکے اور اپنی آنکھوں کے سامنے انہی مناظر کو جزئیات کے ساتھ دیکھ سکے۔

اس بات نے یہ بات بخوبی عیاں کر دی ہے کہ اہل قریش و مکہ اس وقت چونکہ ایسی کسی ایجاد تک رسائی نہ رکھتے تھے اس لئے ان کے ذہنوں میں ان سوالات کی خلش موجود تھی اور اللہ تعالیٰ عزوجل نے اسی بات کا واضح اشارہ انہیں دے دیا کہ تم نہیں لیکن تمہاری آنے والی زیادہ ذہین اور تہذیب یافتہ نسلیں اس بات کو مادی دنیا کے اندر ہی ملاحظہ کر لیں گی کہ انسانی اعمال کا ریکارڈ کس طرح میرے مقرر کردہ فرشتے تیار کرتے ہیں اور محفوظ رکھتے ہیں۔

موت کے بعد کی زندگی کی امثال اللہ تعالیٰ عزوجل نے اس طرح بیان فرمائی ہے کہ ذرا نباتات کی پرواخت ونمو پر غور وتدبیر کرو تم پر اصل حقیقت خود بخود واضح ہو جائے گی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf

جب بارش برستی ہے تو اس سے زمین دوبارہ سرسبز وشاداب ہو جاتی ہے اور قبل ازیں جو نباتات، گھاس، جڑی بوٹیاں اپنا ظاہری وجود قطعاً ختم کر چکی ہوتی ہیں بارش کے ساتھ ہی

نئے سرے سے اپنی نمو دکھاتی ہیں اور نئے سرے سے زندگی کی بہار دکھلانے لگتی ہیں جس کی دوبارہ نمو کے بارے میں دور جدید کی سائنسی نباتاتی تحقیق نے معمولی سے معمولی جزو تک تفصیل واضح کر دی ہے۔

بعینہٖ جب روز آخر کو اسرافیل علیہ السلام باذن اللہ تعالیٰ عزوجل صور پھونکیں گے جو مانند بارش انسانی ممات کے لئے حیات نمو کا پیغام لے کر آئے گی تو سبھی انسان زندہ ہو جائیں گے اور جو پردہ آج مادی کدورت کے باعث ہماری عقلوں پر باوصف جدید تحقیق کے موجود ہے اور اس وقت جدید تحقیق کے بغیر موجود تھا وہ ہٹ جائے گا تب انسان کو معلوم ہوگا کہ اس کی صداقت کیا ہے؟ اور یہ کہ دنیا میں ہماری زندگی یونہی بیکار یا کھیل تماشے کے لئے نہیں پیدا کی گئی تھی۔

جہاں تک جزا و سزا کا تعلق ہے تو اس کو اس طرح واضح کیا جاسکتا ہے کہ انسان صدیوں سے اپنوں میں سے کسی کو محتسب اعلیٰ مقرر کرتا چلا آیا ہے اور اس کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ مجرم کے نامہ اعمال کے ریکارڈ کو پرکھ کر حقائق کے ثبوت کے تحت اسے سزا و جزا دے تاکہ کسی کو انصاف کے بارے میں کوئی گلہ شکوہ قطعاً نہ رہے بعینہٖ اللہ تعالیٰ عزوجل جو بذاتہٖ حقیقی محتسب اعلیٰ ہیں وہ بھی انسان کے نامہ اعمال کے مطابق انصاف کے صحیح تقاضوں کو پورا فرماتے ہوئے سزا و جزا کا تعین کریں گے اور پھر بدکردار، بداعمال انسانوں کو جہنم کا ایندھن بنائیں گے۔

جہاں تک جہنم اور اس کے ایندھن کا تعلق ہے تو اس کی مثال آج کے دور کی جیلوں، عقوبت خانوں اور ان کے اندر ایزا و تشدد کے اوزارات و آلات سے بخوبی سمجھا جاسکتا ہے جہنم ایک جیل آخرت ہے اور اس میں دی جانے والی سزائیں اسی قسم یا اس سے ملتے جلتے اوزارات و آلات سے ہوگئی جس کی صحیح تصویر سارے قرآن پاک میں بکھری ہوئی متعلقہ آیات کی یکجائی سے بخوبی عیاں ہوسکتی ہے۔

اس سورہ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ عزوجل کے ذکر کی تلقین کے ساتھ ساتھ اہل ایمان والوں کو صبر کی تلقین کی گئی ہے جس کے فوائد انہیں مابعد حیات اخروی میں ملیں گے اور اہل کفار اس انعام دہی پر افسوس کے ساتھ ہاتھ ملتے رہ جائیں گے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS......pdf

اہل مکہ کو اسی لئے مختلف اقوام کے عروج و زوال کی حقیقت سے آگاہ کیا گیا ہے کہ کس طرح انہیں معمولی حیثیت سے ترقی دے کر اعلیٰ درجہ تک لے جایا گیا اور اعلیٰ مقام پر فائز کیا گیا لیکن انہوں نے بجائے شکر الٰہی ادا کرنے کے اپنی من مانی اور نافرمانی شروع کر دی اور اس قدر انتہا پر پہنچ گئے جہاں سے واپسی ان کے اپنے دائرہ اختیار سے باہر ہوگئی اور اس طرح وہ عذاب الٰہی کے مستوجب بن گئے اور آئندہ اہل دنیا کے لئے عبرت کا نشان بن گئے۔

اس سورہ مبارکہ کا یہی لب لباب ہے۔

# فضائل

بروایت اُم ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ بنت حارثہ!

حضور رسول کریم ﷺ نماز جمعہ اور نماز فجر میں اس سورہ مبارکہ کی اکثر تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18&__tn__=C

# اعمال

## برائے حب

حب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ساعت زہرا میں دو ٹکڑے سیسہ کے لیں اس کے علاوہ زعفران اور کالی مرچ ایک ایک ماشہ لے کر ان کو ان سیسے کے ٹکڑوں پر تھوڑا سا پانی ڈال کر خوب گھسیں جب یہ خوب ملائم ہو جائے تو اس کو تھوڑے سے پانی میں حل کر کے سیاہی بنائیں اور اس سیاہی سے باوضو حالت میں ذیل کی عبارت لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ

يَارَحْمٰنُ يَارَحْمٰنُ يَارَحْمٰنُ يَارَحْمٰنُ يَارَحْمٰنُ يَارَحْمٰنُ لَيِّنْ قَلْبِ فُلَانَ بِنْ فُلَانَةِ وَاجْعَلْ لِىْ عِنْدَهُ الرَّافَةُ وَالرَّحْمَةُ وَالْحَنَّانُ وَالْقَبُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِىَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ رَبِّ اَرِنِىْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ ط قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءً ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ط وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ط كَذٰلِكَ يَاْتِىْ فُلَانُ ابْنُ فُلَانَةِ خَاضِعًا ذَلِيْلًا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَائَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدًا

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/...

اب اس کو اپنے مطلوب کے اوپر ظاہراً یا تصور میں سات مرتبہ اس پرچے کو پھیرے

پرچہ پھیرتے وقت ہر مرتبہ اللہ اکبر کہے اب اس کاغذ کو اپنے پاس بحفاظت رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب بے قرار ہو کر پاس آوے اور اقرار محبت کرے۔

نوٹ:۔

فلاں بن فلانہ کی جگہ اپنا اور اپنی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

## بینائی تیز ہو جائے

کم نظر افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از ہر نماز اپنے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں پر ذیل کی آیات مبارکہ سات مرتبہ، اول و آخر درود شریف ذیل تین تین مرتبہ پڑھ کر پھونک لگائے اور انگوٹھوں کو اپنی آنکھوں پر پھیر لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت دم بدم نظر تیز ہو جائے گی۔

محمد شبیر قادری

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

آیت مبارکہ:۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

## گھروں میں کیڑے مکوڑوں سے نجات

جس گھر میں ٹڈیاں، کیڑیاں، مکوڑے، لال بیگ اور دیگر کیڑے، مکھی، مچھر بے حد زائد ہوں اس کے علاوہ چوہوں کی بھی بھرمار ہو اور ان سے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf

اس مقصد کے لئے چار عدد سفید کاغذ لے کر ہر کاغذ پر ذیل کی آیات مبارکہ باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے لکھیں اور ان کاغذوں کو ان چار دیواروں پر چسپاں کر دیں جس

کمرے میں ان کی زیادتی ہو۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت تمام کیڑے مکوڑے، چوہے وغیرہ بھاگ جائیں گے اور دوبارہ نہیں آئیں گے۔

پہلا پرچہ:۔

یٰسٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ

دوسرا پرچہ:۔

صٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ

تیسرا پرچہ:۔

قٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ

چوتھا پرچہ:۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ اِذْهَبْ اَيُّهَا الْبَقُّ وَالْبَرْغُوْثُ وَالنَّحْلُ بِاِذْنِ الْمَلِكِ الْحَقِّ وَبِالْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اس کے علاوہ بخور لبان کی دھونی بھی گھر میں دی جائے۔

## تسخیر القلوب

تسخیر القلوب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے اس سے مخلوق خدا میں عزت و وقار اور کشش خاص پیدا ہوتی ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو بعد از نماز عصر زعفران وگلاب ومشک سے سفید پارچہ ریشمی پر تحریر کریں، خوشبو لگائیں اور اس پر ذیل کی آیات مبارکہ و سورہ ہائے مبارکہ کو سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اول و آخر درود شریف ذیل بھی سات مرتبہ پڑھیں موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالیں یا سیدھے بازو پر باندھیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS......pdf

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بفضلہ باری تعالیٰ چند یوم میں مخلوق خدا اور حکام میں خاص کشش توقیر وعزت پائیں گے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِى الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظْمَةِ ذَاتِكَ

☆ آیت الکرسیٰ

☆ حروف مقطعات

الٓمّٓ ○ الٓمّٓصٓ ○ الٓرٰ ○ الٓمّٓرٰ ○ كٓهٰيٰعٓصٓ ○ طٰهٰ ○ طٰسٓمّٓ ○ طٰسٓ ○ يٰسٓ ○ صٓ ○ حٰمٓ ○ عٓسٓقٓ ○ قٓ ○ نٓ ○

☆ ہفت سلام

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ ○ سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ ○ سَلَامٌ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ ○ سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهَارُوْنَ ○ سَلَامٌ عَلٰى اِلْيَاسِيْنَ ○ سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ سَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى

☆ سورہ آل عمران کی آیات مبارکہ:۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

☆ سورہ یوسف

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://m.facebook.com/groups/10786197589448291?refid=18&__tn__=C

☆ سورہ الفتح

☆ سورہ ق

☆ سورہ الشمس

☆ سورہ مزمل

☆ سورہ جن

☆ سورہ چہار قل

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | |
|---|---|---|
| ٦ع ٢١٧ع | ١ع ٢١٧ع | ٨ع ٢١٧ع |
| ٧ع ٢١٧ع | ٥ع ٢١٧ع | ٣ع ٢١٧ع |
| ٢ع ٢١٧ع | ٩ع ٢١٧ع | ٤ع ٢١٧ع |

## برائے اطمینان قلب

دل کو وساوس شیطانی سے مکمل پاک کرنے اور ہمہ وقت استقامت قلب کے لئے ذیل کا عمل اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو نماز تہجد کے بعد اول وآخر درود شریف ذیل سات، سات مرتبہ، سورہ ق تین مرتبہ اور آیت ذیل سورہ فتح ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے اور دماغ پر دم کریں اور ساتھ ہی قدرے پانی بنا کر پی لیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی مسلسل مداومت سے ہمہ اقسام کے وساوس شیطانی سے انسانی قلب و ذہن پاک و صاف رہیں گے اور اطمینان و قلب و ذہن کی دائمی سعادت نصیب ہوگی اور ہمہ اقسام کی برائیوں سے اللہ تعالیٰ عزوجل اپنی حفظ وامان میں رکھیں گے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS .pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944622?refid=18&__tn__=C

درود پاک:۔

صَلَّ اللّٰہُ عَلَیْکَ یَاشَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا اَحْمَدَ مُجْتَبٰی مُحَمَّدِ مُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَحْبَابِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ وَاَھْلَ بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ

آیت مبارکہ:۔

ھُوَالَّذِیْٓ اَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ لِیَزْدَادُوْٓا اِیْمَانًا مَّعَ اِیْمَانِھِمْ

## مشورہ الٰہی

اگر آپ کو کسی بھی مسئلہ میں استخارہ کی صورت پیش آئے اور آپ اللہ تعالٰی عزوجل سے مشورے کے طالب ہوں کہ مسئلہ درپیش میں حق بات کیا ہے اور میرے لئے کون سا کام کرنا مفید اور نافع ہے تو اس کے لئے ذیل کا طریق استخارہ بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی جمعہ یا مجبوراً دیگر جمعہ کے روز اس عمل کو اس طریق سے کریں کہ اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور پھر ذیل کی آیات مبارکہ واسمائے الٰہی بہ ترتیب ذیل ورد کریں۔

☆ بعد از نماز فجر (ایک سو ایک مرتبہ)

☆ بعد از نماز جمعہ (ایک سو دو مرتبہ)

☆ بعد از نماز عصر (ایک سو تین مرتبہ)

☆ بعد از نماز عشاء (چار سو چھ مرتبہ)

نماز عشاء کے بعد اس عمل کو کرتے ہی فوری طور پر بستر پر قبلہ رخ چہرہ کر کے اس دعا کے ساتھ سو جائیں اے الٰہی فلاں کام میں مجھے جو تشویش و فکر لاحق ہے اس کے بارے میں مجھے بطفیل جناب احمد مجتبےٰ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ آگاہی فرما اور صراط المستقیم کی جانب میری راہنمائی فرما تا کہ میں اس کام کے نفع اور نقصان سے آگاہ ہو کر سیدھی راہ اختیار کر سکوں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18&__tn__=C

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اول تو پہلے روز وگرنہ زیادہ سے زیادہ تین روز کے اندر خواب میں اللہ تعالیٰ عزوجل مکمل راہنمائی فرماتے ہوئے اصل بات سے آگاہ فرمائیں گے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَاوَمُرْشِدِنَا وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَيِّبِ ظَاهِرِنَا وَبَاطِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَوْلِيَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

آیات مبارکہ و اسمائے الٰہی:۔

يَاعَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ ۝ يَاخَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ ۝ يَابَصِيْرُ اَبْصِرْنِيْ

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ بحق قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝

وَيٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

نوٹ:۔

اس عمل کے لئے اولاً نوچندی جمعہ یا پھر دوسرا قمری جمعہ بہترین وقت ثابت ہوتا ہے اس کے علاوہ عمل مصلے پر بیٹھ کر پڑھا جائے بستر پر لیٹ کر نہ پڑھا جائے تاکہ عمل کا مکمل اثر ظاہر ہو جائے۔

## درختوں پر پھل بہت زیادہ لگیں

اگر کسی کے باغ میں کسی بھی وجہ سے پھل کی تعداد کم ہو گئی ہو یا پودے سوکھتے جائیں اور کسی بھی طرح درست نہ ہوتے ہوں یا کسی کی کھیتی کی پیداوار میں شدید کمی پیدا ہو گئی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf
https://m.facebook.com/groups/1078818758944822?refid=18&__tn__=C

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر زعفران وگلاب سے سورہ ق کی ذیل کی آیات مبارکہ سفید کاغذ پر لکھیں اور ان پر سورہ ق سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کاغذ کو پانی میں

اچھی طرح حل کر کے اس کا پانی پوری کھیتی کے چاروں کونوں میں اور درختوں کی جڑوں میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی گیارہ دن کی مسلسل مداومت سے درختوں کا سوکھا پن ختم ہو کر پھل بے حد حساب لگے گا اور کھیتی کی پیداوار بھی بفضلہٖ باری تعالیٰ بے اندازہ بڑھ جائے گی بے حد مجرب اور مفید ہے۔

آیات مبارکہ:۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ (1) بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا
شَيْءٌ عَجِيْبٌ (2) ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ (3) قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ
الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ (4) بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ
فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ (5) اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا
مِنْ فُرُوْجٍ (6) وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ
زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ (7) تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ (8) وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا
فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ (9) وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ (10) رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ
وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ (11)

# چوروں ٹھگوں سے مال و دولت کی حفاظت

اگر کسی ایسی جگہ پر جہاں چور، ٹھگ بے تحاشا ہوں اور مال لٹ جانے کا ہمیشہ خدشہ لاحق رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے جہاں مال و دولت رکھے وہاں پہلے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَفِيْظُ

پڑھتا ہوا مال و دولت کا حصار کر لے۔

FREE AMLIYAT BOOKS ... pdf

اَللّٰهُمَّ يَا حَفِيْظُ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بحق

https://m.facebook.com/groups/1078019758844822?refid=18&__tn__=C

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ (1)

پانچ مرتبہ پڑھ کر دستک کی صورت میں پانچ مرتبہ ہاتھ مار لے اور مال و دولت کو دم کر دے ایسا کام دن میں پانچ مرتبہ کرنے سے وہ مال و دولت چوروں اور ٹھگوں سے بفضلہ باری تعالیٰ مکمل محفوظ و مامون رہے گا اور اسے کوئی گزند نہ پہنچے گی۔

## ادائیگی قرض

قرض خواہوں کے تقاضوں سے تنگ شخص کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں سفید پارچہ ریشمی پر آیت مبارکہ:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ قٓ ۚ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡدِ ۝

کو لکھ کر اور خوشبو لگا کر اس پر اسی آیت مبارکہ کا پانچ صد چھہتر مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور اسے موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔

اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اسی آیت مبارکہ کا ایک سو پندرہ مرتبہ پڑھ کر ورد کر کے اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دعا بھی مانگا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد خزانہ غیب سے قرض اتارنے کی سبیل پیدا ہو جائے گی اس کے علاوہ کاروبار میں بھی بے پناہ اضافہ ہو جائے گا۔

## برائے دردزہ

جس حاملہ عورت کے دردزہ بے حد شدید ہو اور اس کی وجہ سے اس کی حالت ابتر ہو رہی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر اعظم ہے۔

ایسے میں تھوڑا سا پانی لے کر اس پر:۔

قٓ ۚ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡدِ ۝

پانچ سو مرتبہ معہ اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو یہ عورت پانچ گھونٹ کر کے ان الفاظ کے ساتھ پی لے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18&__tn__=C

شَفَاءُ کَ بحق قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اسی وقت دردِ زہ کی شدت میں کمی ہو جائے گی اور بچہ جننے میں آسانی ہو جائے گی۔

یہ پانی بار بار پلانے سے زچگی بے حد آسان ہو جائے گی اور یہ بھی بہتر ہے کہ ایسی عورت اس آیت مبارکہ کا ورد بھی جاری رکھے۔

## کھیتی کی حفاظت

جس کسی کی کھیتی پر سور یا دیگر جانور اور پرندے حملہ آور ہو کر اس کی کھیتی کو برباد کرتے ہوں تو ایسے میں اس کی حفاظت کے لئے ذیل کا عمل اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں پانی لے کر اس پر ذیل کے کلمات مبارکہ اکہتر مرتبہ پڑھے اور اس پانی کو دم کر کے کھیتی کے چاروں اطراف چھڑک دے یہ کام سات یوم تک مسلسل کرے۔

محمد شبیر قادری

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے کھیتی ہمہ اقسام کے جانوروں اور پرندوں کے حملے سے محفوظ و مامون ہو جائے گی اور اسے کسی بھی قسم کا گزند نہ پہنچے گا۔

**کلمات مبارکہ:۔**

يَا اللّٰهُ اَحْفِظْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمْ بحق قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝

## روزانہ کی بکری میں اضافے کے لئے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی روزانہ کی بکری میں بے پناہ اضافہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور کارآمد ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS......pdf

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر سفید کاغذ پر ذیل کے کلمات مبارکہ زعفران و گلاب سے سات مرتبہ لکھے اور پھر اس پر انہی کلمات مبارکہ کا ایک سو ایک مرتبہ ورد کر کے دم کریں،

خوشبو لگائیں اور گتے پر چسپاں کر کے دوکان کے دروازے کے سامنے والی دیوار پر اس طرح لٹکائیں کہ ہر ایک کی نظر میں رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت روزانہ کی بکری میں دم بدم اضافہ ہوتا جائے گا زیادہ بہتر یہ ہے کہ ان کلمات کا روزانہ ایک سو ایک مرتبہ ورد دوکان کھول کر کیا جائے اور اس نقش کی جانب پھونک لگا دی جایا کرے یہ سونے پر سہاگے والی بات ہوگی۔

**کلمات مبارکہ:۔**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمٓصٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

## آنکھوں کے ککروں (روہے) کا علاج

جس کسی کی آنکھیں ککروں کا شکار ہوگئی ہو اور علاج معالجہ سے بھی شفاء نہ پاتی ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں بعداز نماز عشاء سفید کپڑے کی ایک پٹی پر ذیل کی آیات مبارکہ تحریر کریں اور اس پر انہیں آیات مبارکہ کا گیارہ مرتبہ ورد کر کے دم کریں اول وآخر درود پاک ذیل بھی گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھیں اس پٹی کو رات کو آنکھوں پر باندھ دیں۔

سات یوم کے عمل مسلسل سے آنکھیں اس مرض سے بالکل شفایاب ہو جائے گی۔

**درود پاک:۔**

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدِ نُوْر" مِّنْ نُوْرِ اللّٰهِ

**آیات مبارکہ:۔**

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://m.facebook.com/groups/...

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

# علاج زخم چشم

جس کسی کی آنکھ میں پھوڑے، پھنسی یا کسی چوٹ کی وجہ سے زخم ہو جائے اور سخت تکلیف دیتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے تازہ پانی لے کر باوضو حالت میں ذیل کی آیات مبارکہ پڑھ کر دم کر لیں اور سرمہ کی سلائی کو تر کر کے تین تین مرتبہ دونوں آنکھوں میں لگائیں یا پھر تین تین قطرے ڈراپر سے ٹپکائیں اس کے علاوہ انہی آیات مبارکہ کا دم بھی آنکھ پر کیا جائے یہ عمل صبح و شام مسلسل آنکھ کی درستگی تک جاری رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت آنکھ کا زخم تیزی سے درست ہو جائے گا

درود پاک اول و آخر سات سات مرتبہ۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقِ

آیات مبارکہ:۔

خَرَجَتْ عَيْنُ الْحَسُوْدِ مِنْ اِحْدَاقٍ بَيْضٍ وَسُوْدٍ فَلَقِيَهَا جِبْرَائِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ عَزَمْنَا عَلَيْكَ اَيَّتُهَا الْعَيْنُ اِنَّكَ لَا تَكُوْنِىْ عَلٰى حَامِلِ كِتَابِىْ هٰذَا بِحَقِّ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

FREE AMLIYAAT BOOKS ... pdf

فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۞ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۞

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۞

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۞ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۞

## ضعف بصر کا علاج

ضعف بصر میں مبتلا افراد کے لئے ذیل کا عمل بھی بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر ماہ قمری کی پہلی تاریخ کا چاند دیکھیں اور وہیں کھڑے کھڑے باوضو حالت میں ذیل کی سورہ مبارکہ اور آیت مبارکہ پڑھ کر اپنے دونوں انگوٹھوں کے ناخنوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں کے اوپر ایک منٹ تک ناخن رکھیں اور پھر اٹھالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ضعف بصر کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔

☆ سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف (دس مرتبہ)

☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِلْ حَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سورہ مبارکہ و آیات مبارکہ:۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۞

يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ٚ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚ

## عمل معظم

بقول شیخ شرف الدین بونی ذیل کا عمل معظم انتہائی مفید ترین عمل ہے اور اس سے درج ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18&_tn_=C

☆ قلب میں شجاعت پیدا ہو۔

☆ دشمن کے دل میں ہیبت ہو۔

☆ خلق کی نظر میں مقبولیت ملے۔

☆ محتاج ہو تو غنی ہو جائے۔

☆ خوف زدہ ہو تو مامون ہو۔

☆ جادو یا زندان یا جنون میں مبتلا ہو تو اس سے نجات پائے۔

☆ مسافر ہو تو صحیح سلامت گھر واپس آئے۔

☆ اگر کوئی عورت نکاح کے لئے راضی نہ ہو تو اس کے اندر رغبت نکاح پیدا ہو۔

☆ اگر دوکان میں لٹکایا جائے تو نفع کثیر حاصل ہو۔

☆ اگر بچوں کے گلے میں ڈالا جائے تو تمام آفات وبلیات سے مکمل حفاظت میں رہے۔

محمد ... قادری

☆ حاجت مند کی حاجت خزانہ غیب سے پوری ہو۔

☆ اس کے علاوہ اور بھی کئی قسم کے فوائد حاصل ہوں۔

طریقہ:۔

اس مقصد کے لئے ہرن کی جھلی پر کسی قمری ماہ کی چودھویں شب نیک ساعت میں گلاب وزعفران سے آیات مبارکہ ذیل لکھیں اور اس پر انہی آیات مبارکہ کا اکتالیس، اکتالیس مرتبہ دم کریں اور اسے ایک نلی میں رکھ کر اس کا منہ نئے چھتہ کی موم سے بند کریں اور اس کو چمڑے میں سلوا کر دائیں بازو پر باندھیں باندھنے سے پہلے اس کا ہدیہ اکتالیس روپیہ فقراء میں تقسیم کر دیں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758944822?refid=18...

آیات مبارکہ:۔

☆ سورہ بقرہ کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ
بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ وَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ
اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

☆ سورہ ال عمران کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا
بَيْنَ يَدَيْهِ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ

☆ سورہ الاعراف کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

الٓمّٓصٓ ۝ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ
وَ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

☆ سورہ الرعد کی ذیل کی آیت مبارکہ:۔

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
يُؤْمِنُوْنَ ۝

☆ سورہ مریم کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝

☆ سورہ طٰہٰ کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

طٰهٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝

☆ سورہ الشعرا کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

طٰسٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/...

☆ سورہ النمل کی ذیل کی آیت مبارکہ:۔

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۝

☆ سورہ یٰسین کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

یٰسٓ ۝١ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝٢

☆ سورہ صٓ کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝١ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝٢

☆ سورہ مومن کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

حٰمٓ ۝١ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝٢ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ
الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝٣

☆ سورہ شوریٰ کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

حٰمٓ ۝١ عٓسٓقٓ ۝٢ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٣

☆ سورہ قٓ کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝١ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَاۗءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا
شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝٢ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۝٣ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ
الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝٤

☆ سورہ القلم کی ذیل کی آیت مبارکہ:۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝١

☆ سورہ رحمان کی ذیل کی آیت مبارکہ:۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
فَانْفُذُوْا ۭ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝٣٣

☆ سورہ جن کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝١ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ
FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝٢ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا
اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝٣ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى

اللّٰہ شَطّٰا○

☆ سورہ کافرون

☆ سورہ اخلاص

☆ سورہ فلق

☆ سورہ الناس

## نجات سحر

جو کوئی سحر و جادو میں مبتلا ہو اور کسی بھی صورت اس سے چھٹکارا نہ پاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورہ ق تین مرتبہ پڑھیں اور پانی دم کریں اس پانی کو غسل والے پانی میں ملالیں اور اس پانی سے مسحور کو غسل کروائیں غسل سے قبل قدرے پانی بھی اسے پلائیں۔

بعداز غسل پاک صاف کپڑے پہنے اور قدرے شیرینی مسحور اپنے ہاتھ سے بچوں میں تقسیم کردے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی سات یوم مسلسل مداومت سے مسحور کو سحر سے نجات مل جائے گی۔

## کشائش رزق

کشائش رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد تاثیر کا حامل ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ وقت مقررہ پر اول و آخر درود شریف ذیل اکیس، اکیس مرتبہ پڑھیں سب سے پہلے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مُحَمَّدٌ "رَسُوْلَ اللّٰهِ

FREE AMLIYAAT BOOKS.......pdf
https://m.facebook.com/groups/1078619758644822?refid=18&__tn__=C

تین مرتبہ پڑھیں پھر سورہ ق کی پہلی آیت مبارکہ کو سات مرتبہ دھرائیں اور آگے مکمل

سورہ پڑھیں اس طریق سے سورہ مبارکہ بارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور رزق کے لئے دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے ثمرات رزق بفضلہٖ ملنا شروع ہو جائیں گے اور پھر ان میں کبھی بھی کوئی کمی نہ ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

## برائے حاجات

ہر قسم کی حاجات دنیاوی یا دینی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر قسم کے ترک حیوانات جمالی وجلالی اختیار کرے پنج وقتہ نماز کی پابندی اختیار کرے اس کے بعد عمل شروع کرے۔

سب سے پہلے نماز ظہر یا عشاء کا وقت مقرر کرے اور روزانہ اسی وقت پر عمل مذکور کرے تاکہ صحیح معنوں میں اس سے استفادہ حاصل ہو سکے۔

ظہر یا عشاء کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس عمل کی ابتداء اس طرح کرے کہ سب سے پہلے:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ O بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O

پڑھے پھر درود پاک ذیل گیارہ مرتبہ پڑھیں بعدازاں اسم الٰہی یا ودود گیارہ مرتبہ پڑھیں اور پھر سورہ مبارکہ قٓ تین مرتبہ پڑھیں اور آخر میں درود شریف ذیل گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ بعد میں:۔

